DAR UL IFTA JAMIA BINORIA SITE KARACHI PAKISTAN
Ph: 021 - 2560300 - Ext.: 286 | Mobile:03332212607
Web Site: www.onlinefatwa.com | Email:darulifta@gmail.com
BINORIA International

S No: ========= 2543
Fatwa No: ===== 34072
Date: =========

NAME :>> shaista
ADDRESS :>> mianwali
EMAIL :>>
SUBJECT :>> TABEER

QUESTION :>> Assalam-o-aalikum. I had a desire since long to see Hazrat Muhammad (S.A.) and in quest of this I recited a lot of Darood (salah). Now I have seen a dream that I am going to Madina to visit the Masjid Nabvi and grave of the Prophet Hazrat Muhammad (S.A.). when I reached the Holy mosque I have seen a person who was lying on the ground and have a very bright beautiful face but without beard and moustaches. I was told that he is the prophet Muhammad (peace be upon him). He shacked hand with me and enquired after my health. He also talked me more but I forgot. He (S.A.) was suffering from fever.

I want to ask if I realy saw the Prophet(S.A.) in dream. If prophet may be without beard, if he(S.A.) can shake hand with a lady in dream. What this dream means (Taabir). Plz reply as soon as possible as I am very distressed.

محترم جناب مفتی صاحب!
السلام علیکم
میں نے قصد کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دیدار کی شرف حاصل
کروں اور اس کی جستجو میں کثرت درود شریف کا اہتمام کیا تب میں نے خواب
دیکھا کہ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اور روضۂ مبارکہ کی زیارت کی خاطر مدینہ منورہ جا رہی ہوں۔
جب میں مسجد نبوی پہنچی تو دیکھا کہ ایک شخصیت انتہائی خوبصورت چہرے والی
فرش پر لیٹی ہوئی ہیں۔ مگر نہ داڑھی نہ مونچھ اور مجھے کہا گیا کہ یہ ہیں رسول اکرم
صلی اللہ علیہ وسلم۔ انہوں نے میرے ساتھ مصافحہ کیا اور میری صحت/طبیعت دریافت کی
اور انہوں نے مزید گفتگو کی جو اب میرے ذہن میں نہیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی طبیعت صحیح نہیں تھی (بخار کی شکایت تھی)

سوال یہ ہے کہ واقعی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی؟
اگرچہ بغیر داڑھی کے کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کسی عورت ذات کے ساتھ خواب
میں مصافحہ کر سکتے ہیں؟ اس خواب کی کیا تعبیر ہے براہ کرم جلد جواب ارسال فرمائیں۔

شائستہ میانوالی

جواب دوسری جانب ملاحظہ کیجئے۔

التعبیر

واضح ہو کہ خواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت، جس ہیئت میں بھی ہو وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی زیارت ہے اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اچھی شکل وصورت میں دیکھے تو یہ دیکھنے والے کی حالت کے اچھا ہونے کی علامت ہے اور خستہ حالت میں دیکھے تو یہ دیکھنے والے کے دل ودماغ اور دینی حالت کے پراگندہ اور کمزور ہونے کی علامت ہے گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ایک آئینہ ہے جس میں ہر دیکھنے والے کی حالت کا عکس نظر آتا ہے۔

خواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت تو برحق ہے لیکن اس سے کوئی حکم شرعی ثابت نہیں ہوتا اور نہ ہی خواب میں انسان پر احکام شرع لاگو ہوتے ہیں اس لئے خواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی عورت ذات سے مصافحہ کرنا احکام شرع کے منافی نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب

محمد سلیم عفی عنہ

دارالافتاء جامعہ بنوریہ

۱۵ ذیقعدہ ۱۴۲۷ھ

۲۵ ذیقعدہ ۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح

دارالافتاء جامعہ بنوریہ

۱۵ ذیقعدہ ۱۴۲۷ھ

دارالافتاء جامعہ بنوریہ

22/11/07